☆ کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں ☆☆ ☆ یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں ☆

Daily
MERA QALAM
Faisalabad

روزنامہ میرا قلم فیصل آباد

ABC Certified
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

بانی
میاں محمد شریف اشرف (مرحوم)

چیف ایڈیٹر
میاں شاہد گوگی

MB/FD-149/FR

E-Mail:-meraqalamfsd@gmail.com

ڈپٹی ایڈیٹر
میاں محمد نجیب

ایڈیٹر
علی ملک
0321-3903103

مینجنگ ایڈیٹر
ڈاکٹر جمیل ملک
0300-6623662

ایگزیکٹو ایڈیٹر
شیخ افضل
0321-9664887

نمائندہ خصوصی
حافظ چوہدری
0316-4321027

041-8715858

جلد 10 | اتوار 18 جون 2023ء 28 ذیقعد 1444ھ 5 ہاڑ 2079 بکرمی | شمارہ 138 | قیمت 10 روپے

# وفاقی محتسب کا اسلام آباد ایئر پورٹ کا دورہ

## دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں اور ائر پورٹ کی انتظامیہ کو موقع پر ہی ہدایات دے کر ان کے مسائل حل کرائے

## ٹیم نے ائر پورٹ پر سی آئی پی لانج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کر کے مسائل کا جائزہ لیا



اسلام آباد (بیورور پورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائر پورٹ کے بارے میں کثیر تعداد میں شکایات موصول ہونے پر اسلام آباد ائر پورٹ پر اندرون اور بیرون ملک پاکستانیوں سے نا جائز پیسے لینے اور بدانتظامی کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر برائے اوورسیز پاکستانیز کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم اسلام آباد ائر پورٹ پر بھیجی جس نے اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا ہے کہ مسافروں سے ناجائز پیسے وصول کرنے کی شکایات نا قابل برداشت ہیں۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے گزشتہ روز ائر پورٹ کے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں اور ائر پورٹ کی انتظامیہ کو موقع پر ہی ہدایات دے کر ان کے مسائل حل کرائے۔ ٹیم نے ائر پورٹ پر نیشنل و انٹرنیشنل لانجز، Luggages Area، سی آئی پی لانج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کر کے مسائل کا جائزہ لیا اور ایف آئی اے، اے این ایف، اے ایس ایف اور کسٹمز کے یکجا ریسرچ ڈیسکوں پر CCTV کیمرے لگانے کی ہدایات دیں علاوہ ازیں یہ ہدایات بھی جاری کی گئیں کہ تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کے لئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگائے جائیں اور عوامی آگاہی کے لئے انہیں ٹی وی اسکرین پر بھی مسلسل دکھایا جائے۔ ٹیم نے ائرپورٹ پر ہی Visa Protection (Stamp) کی سہولت نہ ہونے کا بھی نوٹس لیا۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے قبل ازیں بھی دو ٹیمیں اسلام آباد ائر پورٹ کے دورہ پر بھیجی تھیں، جن کی سفارشات پر عملدرآمد کا ٹیم نے جائزہ لیا اور اطمینان کا اظہار کیا۔ ٹیم نے وفاقی محتسب کی طرف سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لئے قائم کئے گئے یکجا سہولتی ڈیسک کا بھی معائنہ کیا اور وہاں موجود 12 وفاقی ایجنسیوں کے ذمہ داران سے شکایات کی نوعیت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے علاوہ شکایات رجسٹر چیک کئے گئے۔ وفاقی محتسب کی ٹیم کو یہ شکایت بھی ملی کہ ائر پورٹ پر تعینات بعض اداروں کے اہلکار مسافروں سے نا جائز رقم کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ٹیم نے ایسے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت جاری کی۔ معائنہ ٹیم نے وزارت مذہبی امور کے نمائندے کی عدم موجودگی کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ وزارت کو ہدایت کی کہ حج سیزن کے دوران دہ دن ونڈو ڈیسک پر اپنے نمائندے کی موجودگی کو یقینی بنائے۔ ٹیم نے اس شکایت پر کہ اکی ویزہ والوں سے عین فلائٹ کے وقت کہا جاتا ہے کہ وہ ٹکٹ کا پرنٹ لے کر آئیں، انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ متعلقہ کاؤنٹر پر ہی پرنٹر کا انتظام کرے۔ انتظامیہ کو یہ ہدایت بھی کی گئی کہ وہ ممنوعہ اشیا کی فہرست پر مبنی پمفلٹ ٹکٹ کے ساتھ دینے اور ائر پورٹ پر سلائیڈ کی صورت میں مسلسل چلانے کا انتظام کرے۔ معائنہ ٹیم کو بتایا گیا کہ وفاقی محتسب کی ہدایت پر بزنس کلاس، بزرگ شہریوں اور ڈپلومیٹس کے لئے الگ الگ کاؤنٹرز قائم کر دیئے گئے ہیں نیز سامان پر حفاظتی پلاسٹک چڑھانے کی مشینوں اور فوٹو اسٹیٹ مشینوں میں اضافے کی ہدایات پر بھی عملدرآمد ہو چکا ہے۔ بیرون ملک جانے والے مسافروں کی زیادہ تر شکایات کا تعلق امیگریشن میں تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف اور کسٹمز کے عملے کی طرف سے ناجائز تنگ کئے جانے اور عدم توجہی کے بارے میں تھیں جب کہ باہر سے آنے والے اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات میں سامان کا دیر سے ملنا یا سامان کی گمشدگی کی شکایات بھی شامل تھیں۔ آخر میں کانفرنس روم میں تمام متعلقہ ایجنسیوں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران ائر پورٹ پر آنے والے مسافروں بالخصوص بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے حوالے سے تجاویز مرتب کی گئیں۔

اسلام آباد، شیخوپورہ، ساہیوال اور فیصل آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا معتبر ومستند اخبار ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ سٹی پیپر

ایڈیٹر انچیف ناصر علی ملک

اسلام آباد فیصل آباد

CPL. # 70

جلد نمبر 16 اتوار 18 جون 2023ء، 28 ذیقعد 1444ھ، 5 ہاڑ 2077 بکرمی قیمت 10 روپے شمارہ نمبر 136

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ائرپورٹ کا دورہ

## مسافروں کی شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کی گئیں

## مسافروں سے ناجائز پیسے وصول کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔ اعجاز احمد قریشی



اسلام آباد(نامہ نگار)وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائرپورٹ کے بارے میں کثیر تعداد میں شکایات موصول ہونے پر اسلام آباد ائرپورٹ پر اندرون اور بیرون ملک پاکستانیوں سے ناجائز پیسے لینے اور بدانتظامی کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر برائے اوورسیز پاکستانیز کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم اسلام آباد ائرپورٹ پر بھیجی جس نے اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کردی ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا ہے کہ مسافروں سے ناجائز پیسے وصول کرنے کی شکایات ناقابل برداشت ہیں۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے گزشتہ روز ائرپورٹ کے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کرکے ان کی شکایات سنیں اور ائرپورٹ کی انتظامیہ کو موقع پر ہی ہدایات دے کر ان کے مسائل حل کرائے۔ ٹیم نے ائرپورٹ پر نیشنل و انٹرنیشنل لاؤنجز، Luggages Area، سی آئی پی لاؤنج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کرکے مسائل کا جائزہ لیا اور ایف آئی اے، اے این ایف، اے ایس ایف اور کسٹمز کے یکجا ریسرچ ڈیسکوں پر CCTV کیمرے لگانے کی ہدایات دیں علاوہ ازیں یہ ہدایات بھی جاری کی گئیں کہ تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کے لئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگائے جائیں اور عوامی آگاہی کے لئے انہیں ٹی وی اسکرین پر بھی مسلسل دکھایا جائے۔ ٹیم نے ائرپورٹ پر ہی Visa Protection Stamp) کی سہولت نہ ہونے کا بھی نوٹس لیا۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے قبل ازیں بھی دو ٹیمیں اسلام آباد ائرپورٹ کے دورہ پر بھیجی تھیں، جن کی سفارشات پر عملدرآمد کا ٹیم نے جائزہ لیا اور اطمینان کا اظہار کیا۔ ٹیم نے وفاقی محتسب کی طرف سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لئے قائم کیے گئے یکجا سہولتی ڈیسک کا بھی معائنہ کیا اور وہاں موجود 12 وفاقی ایجنسیوں کے ذمہ داران سے شکایات کی نوعیت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے علاوہ شکایات رجسٹر چیک کیے گئے۔ وفاقی محتسب کی ٹیم کو یہ شکایت بھی ملی کہ ائرپورٹ پر تعینات بعض اداروں کے اہلکار مسافروں سے ناجائز رقم کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ٹیم نے ایسے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت جاری کی۔ معائنہ ٹیم نے وزارت مذہبی امور کے نمائندے کی عدم موجودگی کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ وزارت کو ہدایت کی کہ حج سیزن کے دوران وہ ون ونڈو ڈیسک پر اپنے نمائندے کی موجودگی کو یقینی بنائے۔ ٹیم نے اس شکایت پر کہ ای ویزہ والوں سے عین فلائٹ کے وقت کہا جاتا ہے کہ وہ ٹکٹ کا پرنٹ لے کر آئیں، انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ متعلقہ کاؤنٹر پر ہی پرنٹر کا انتظام کرے۔ انتظامیہ کو یہ ہدایت بھی کی گئی کہ وہ ممنوعہ اشیاء کی فہرست پر مبنی پمفلٹ ٹکٹ کے ساتھ دینے اور ائرپورٹ پر سلائیڈ کی صورت میں مسلسل چلانے کا انتظام کرے۔ معائنہ ٹیم کو بتایا گیا کہ وفاقی محتسب کی ہدایت پر بزنس کلاس، بزرگ شہریوں اور ڈپلومیٹس کے لئے الگ الگ کاؤنٹرز قائم کردیئے گئے ہیں نیز سامان پر حفاظتی پلاسٹک چڑھانے کی مشینوں اور فوٹو اسٹیٹ مشینوں میں اضافے کی ہدایات پر بھی عملدرآمد ہو چکا ہے۔ بیرون ملک جانے والے مسافروں کی زیادہ تر شکایات کا تعلق امیگریشن میں تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف اور کسٹمز کے عملے کی طرف سے ناجائز تنگ کیے جانے اور عدم توجہی کے بارے میں تھیں جب کہ باہر سے آنے والے اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات میں سامان کا دیر سے ملنا یا سامان کی گمشدگی کی شکایات بھی شامل تھیں۔ آخر میں کانفرنس روم میں تمام متعلقہ ایجنسیوں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران ائرپورٹ پر آنے والے مسافروں بالخصوص بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے حوالے سے تجاویز مرتب کی گئیں۔

اسلام آباد، لاہور، کراچی اور فیصل آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا معتبر و مستند اخبار ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ عوام انٹرنیشنل
ایڈیٹر: محمد نبیل ملک
اسلام آباد / فیصل آباد
CPL No.156 Trade Mark No.046674
جلد نمبر 9 | اتوار 18 جون 2023ء، 28 ذیقعد 1444ھ، 5 ہاڑ 2077 بم | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 136

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ائرپورٹ کا دورہ

## مسافروں کی شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کی گئیں

## مسافروں سے ناجائز پیسے وصول کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔ اعجاز احمد قریشی



اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائرپورٹ کے بارے میں کثیر تعداد میں شکایات موصول ہونے پر اسلام آباد ائرپورٹ پر اندرون اور بیرون ملک پاکستانیوں سے ناجائز پیسے لینے اور بدانتظامی کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر برائے اوورسیز پاکستانیز کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم اسلام آباد ائرپورٹ پر بھیجی جس نے اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا ہے کہ مسافروں سے ناجائز پیسے وصول کرنے کی شکایات ناقابل برداشت ہیں۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے گزشتہ روز ائرپورٹ کے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں اور ائرپورٹ کی انتظامیہ کو موقع پر ہی ہدایات دے کر ان کے مسائل حل کرائے۔ ٹیم نے ائرپورٹ پر نیشنل و انٹرنیشنل لاؤنجز، Luggages Area، سی آئی پی لاؤنج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کر کے مسائل کا جائزہ لیا اور ایف آئی اے، اے این ایف، اے ایس ایف اور کسٹمز کے یکجا ریسرچ ڈیسکوں پر CCTV کیمرے لگانے کی ہدایات دیں علاوہ ازیں یہ ہدایات بھی جاری کی گئیں کہ تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کے لئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگائے جائیں اور عوامی آگاہی کے لئے انہیں ٹی وی اسکرین پر بھی مسلسل دکھایا جائے۔ ٹیم نے ائرپورٹ پر ہی Visa Protection Stamp) کی سہولت نہ ہونے کا بھی نوٹس لیا۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے قبل ازیں بھی دو ٹیمیں اسلام آباد ائرپورٹ کے دورہ پر بھیجی تھیں، جن کی سفارشات پر عملدرآمد کا ٹیم نے جائزہ لیا اور اطمینان کا اظہار کیا۔ ٹیم نے وفاقی محتسب کی طرف سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لئے قائم کئے گئے یکجا سہولتی ڈیسک کا بھی معائنہ کیا اور وہاں موجود 12 وفاقی ایجنسیوں کے ذمہ داران سے شکایات کی نوعیت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے علاوہ شکایات رجسٹر چیک کئے گئے۔ وفاقی محتسب کی ٹیم کو یہ شکایت بھی ملی کہ ائرپورٹ پر تعینات بعض اداروں کے اہلکار مسافروں سے ناجائز رقم کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ٹیم نے ایسے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت جاری کی۔ معائنہ ٹیم نے وزارت مذہبی امور کے نمائندے کی عدم موجودگی کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ وزارت کو ہدایت کی کہ حج سیزن کے دوران وہ ون ونڈو ڈیسک پر اپنے نمائندے کی موجودگی کو یقینی بنائے۔ ٹیم نے اس شکایت پر کہ ای ویزہ والوں سے عین فلائٹ کے وقت کہا جاتا ہے کہ وہ ٹکٹ کا پرنٹ لے کر آئیں، انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ متعلقہ کاؤنٹر پر ہی پرنٹر کا انتظام کرے۔ انتظامیہ کو یہ ہدایت بھی کی گئی کہ وہ ممنوعہ اشیاء کی فہرست پر مبنی پمفلٹ ٹکٹ کے ساتھ دینے اور ائرپورٹ پر سلائیڈ کی صورت میں مسلسل چلانے کا انتظام کرے۔ معائنہ ٹیم کو بتایا گیا کہ وفاقی محتسب کی ہدایت پر بزنس کلاس، بزرگ شہریوں اور ڈپلومیٹس کے لئے الگ الگ کاؤنٹرز قائم کر دیئے گئے ہیں نیز سامان پر حفاظتی پلاسٹک چڑھانے کی مشینوں اور فوٹو اسٹیٹ مشینوں میں اضافے کی ہدایات پر بھی عملدرآمد ہو چکا ہے۔ بیرون ملک جانے والے مسافروں کی زیادہ تر شکایات کا تعلق امیگریشن میں تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف اور کسٹمز کے عملے کی طرف سے ناجائز تنگ کئے جانے اور عدم توجہی کے بارے میں تھیں جب کہ باہر سے آنے والے اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات میں سامان کا دیر سے ملنا یا سامان کی گمشدگی کی شکایات بھی شامل تھیں۔ آخر میں کانفرنس روم میں تمام متعلقہ ایجنسیوں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران ائرپورٹ پر آنے والے مسافروں بالخصوص بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے حوالے سے تجاویز مرتب کی گئیں۔

WWW.DAILYSTATEEXPRESS.PK WWW.DAILYSTATEEXPRESS.COM
روزنامہ
سٹیٹ ایکسپریس
بانی: محمد رفیع نوری
چیف ایڈیٹر محمد قاسم نوری
فیصل آباد لاہور
جلد 27 — اتوار 18 جون 2023ء / 28 ذیقعد 1444ھ / 4 ہاڑ 2080 ب م — شمارہ 29

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ائیرپورٹ کا دورہ

## مسافروں کی شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کی گئیں مسافروں سے ناجائز پیسے وصول کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔ اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائرپورٹ کے بارے میں کثیر تعداد میں شکایات موصول ہونے پر اسلام آباد ائرپورٹ پر اندرون اور بیرون ملک پاکستانیوں سے ناجائز پیسے لینے اور بدانتظامی کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر برائے اوورسیز پاکستانیز کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم اسلام آباد ائرپورٹ پر بھیجی جس نے اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا ہے کہ مسافروں سے ناجائز پیسے وصول کرنے کی شکایات ناقابل برداشت ہیں۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے گزشتہ روز ائرپورٹ کے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں اور ائرپورٹ کی انتظامیہ کو موقع پر ہی ہدایات



دے کر ان کے مسائل حل کرائے۔ ٹیم نے ائرپورٹ پر نیشنل وانٹرنیشنل لاؤنجز، Luggages Area، سی آئی پی لاؤنج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کر کے مسائل کا جائزہ لیا اور ایف آئی اے، اے این ایف، اے ایس ایف اور کسٹمز کے یکجا ریسرچ ڈیسکوں پر CCTV کیمرے لگانے کی ہدایات دیں علاوہ ازیں یہ ہدایات بھی جاری کی گئیں کہ تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کے لئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگائے جائیں اور عوامی آگاہی کے لئے انہیں ٹی وی اسکرین پر بھی مسلسل دکھایا جائے۔ ٹیم نے ائرپورٹ پر ہی Visa Protection Stamp) کی سہولت نہ ہونے کا بھی نوٹس لیا۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے قبل ازیں بھی دو ٹیمیں اسلام آباد ائرپورٹ کے دورہ پر بھیجی تھیں، جن کی سفارشات پر عملدرآمد کا ٹیم نے جائزہ لیا اور اطمینان کا اظہار کیا۔ ٹیم نے وفاقی محتسب کی طرف سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لئے قائم کیے گئے "یکجا سہولتی ڈیسک" کا بھی معائنہ کیا اور وہاں موجود 12 وفاقی ایجنسیوں کے ذمہ داران سے شکایات کی نوعیت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے علاوہ شکایات رجسٹر چیک کئے گئے۔ وفاقی محتسب کی ٹیم کو یہ شکایت بھی ملی کہ ائرپورٹ پر تعینات بعض اداروں کے اہلکار مسافروں سے ناجائز رقم کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ٹیم نے ایسے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت جاری کی۔ معائنہ ٹیم نے وزارت مذہبی امور کے نمائندے کی عدم موجودگی کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ وزارت کو ہدایت کی کہ حج سیزن کے دوران وہ ون ونڈو ڈیسک پر اپنے نمائندے کی موجودگی کو یقینی بنائے۔ ٹیم نے اس شکایت پر کہ ای ویزہ والوں سے عین فلائٹ کے وقت کہا جاتا ہے کہ وہ ٹکٹ کا پرنٹ لے کر آئیں، انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ متعلقہ کاؤنٹر پر ہی پرنٹر کا انتظام کرے۔ انتظامیہ کو یہ ہدایت بھی کی گئی کہ وہ ممنوعہ اشیاء کی فہرست پر مبنی پمفلٹ ٹکٹ کے ساتھ دیئے اور ائرپورٹ پر سلائیڈ کی صورت میں مسلسل چلانے کا انتظام کرے۔ معائنہ ٹیم کو بتایا گیا کہ وفاقی محتسب کی ہدایت پر بزنس کلاس، بزرگ شہریوں اور ڈپلومیٹس کے لئے الگ الگ کاؤنٹرز قائم کر دیئے گئے ہیں نیز سامان پر حفاظتی پلاسٹک چڑھانے کی مشینوں اور فوٹو اسٹیٹ مشینوں میں اضافے کی ہدایات پر بھی عملدرآمد ہو چکا ہے۔ بیرون ملک جانے والے مسافروں کی زیادہ تر شکایات کا تعلق امیگریشن میں تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف اور کسٹمز کے عملے کی طرف سے ناجائز تنگ کیے جانے اور عدم توجہی کے بارے میں تھیں جب کہ باہر سے آنے والے اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات میں سامان کا دیر سے ملنا یا سامان کی گمشدگی کی شکایات بھی شامل تھیں۔ آخر میں کانفرنس روم میں تمام متعلقہ ایجنسیوں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران ائرپورٹ پر آنے والے مسافروں بالخصوص بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے حوالے سے تجاویز مرتب کی گئیں۔

